# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Dated : 31 August 2026**

**Time : 07:40 / PM**

Opening

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ----- وزیر اعظم کرغستان کے 2 روزہ دورے پر پہنچے بشکیک // شنگھائی تعاون تنظیم کے 26 ویں اجلاس سے کریں گے خطاب۔

✓ ۲ ----- لیفٹننٹ گورنر نے کی شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کیلئے منتظمین کی عزت افزائی۔

✓ ۳ ----- انٹی گریٹیڈ مونٹین **Initiative** کے وفد کی وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات // پہاڑوں کی پائیدار ترقی کے مختلف پہلوؤں پر ہوا تبادلہ خیال۔

اور

✓ ۴ ----- **FDA** نے کی جموں وکشمیر میں گھی کے **10** برینڈس کی خرید وفروخت پر پابندی عائد۔

PM کرغستان

وزیر اعظم نریندر مودی کرغستان کے دو روزہ دورے پر دارالحکومت بشکیک پہنچ گئے ہیں۔ بشکیک پہنچنے کے بعد وزیراعظم نریندر مودی نے مہاتما گاندھی میموریل پارک میں واقع مہاتما گاندھی کے مجسمے پر پھول چڑھا کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم نے 'فرینڈس آف انڈیا' سے ملاقات کی، جس میں یوگا اور سائنس اکیڈمی سمیت مختلف شعبوں میں بھارت کے ساتھ کام کرنے والے چار وفود نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے رکن ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ ملاقات بھی کی۔ نریندر مودی نے اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزیشکیاں کے ساتھ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوسرے اور آخری روز نریندر مودی شنگھائی تعاون تنظیم کے 26 ویں سربراہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔

صدر

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی NIFT کے طلباء پر زور دیا ہے کہ وہ عالمی نقطۂ نظر اپناتے ہوئے ملک کی عظیم ثقافتی روایات اور اقدار سے جڑے رہیں۔ نئی دلی میں NIFT کے کنووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ ٹیکسٹائل اور ملبوسات کا شعبہ بھارت کے ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے اور لاکھوں افراد کے روزگار کا ذریعہ بھی ہے۔ اس موقع پر ملک بھر میں واقع NIFT کے 18 کیمپسز کے فارغ التحصیل طلباء کو ڈگریاں عطا کی گئیں۔

ایل جی ریڈ کراس

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ریڈ کراس کی خدمات کو دور دراز، پچھڑے اور سرحدی علاقوں میں لوگوں کی دہلیز تک پہنچانے کی ضرورت کو اجاگر کیا ہے۔ سرینگر میں آج انڈین ریڈ کراس سوسائٹی کی جے اینڈ کے شاخ کی سالانہ جنرل میٹنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے سبھی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو دور دراز علاقوں میں ڈائیگناسٹک سینٹر کھولنے کے امکانات کا جائزہ لینے کی ہدایت دی۔ منوج سنہا نے تپ دق کے مکمل خاتمے کیلئے مشترکہ کوششوں میں سرعت لانے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے ریڈ کراس سوسائٹی کو نشہ مکت جموں و کشمیر کی تعمیر کیلئے اپنا رول ادا کرنے کیلئے کہا۔ میٹنگ کے دوران سوسائٹی کی مجموعی سرگرمیوں کے علاوہ اس کے بجٹ، آڈٹ، بلڈ بنکس اور تشخیصی مراکز میں میڈیکل افسروں کی تعیناتی

کے عمل کا بھی جائزہ لیا گیا۔اس بارے میں ڈپٹی کمشنروں نے ایل جی کو تفصیلی جانکاری دی۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے شری امرناتھ جی شرائن بورڈ سیول انتظامیہ، نیم فوجی دستوں، جموں وکشمیر پولیس، بی آر او کے افسروں کے علاوہ طبی پیشہ وروں نیز خدمات مہیا کرانے والوں کی عزت افزائی کی ہے۔سرینگر میں اس تعلق سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ یاترا مشکلات کو فرائض میں، چیلنجوں کو موقعوں میں اور خدمات کو روحانی اقدار میں تبدیل کرنے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

----**LG Byte**----

CM ملاقات

انٹی گریٹیڈ موئنٹین **Initiative** کے صدر اور شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر پر مشتمل ایک وفد نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔وفد نے جموں وکشمیر میں پہاڑوں کی پائیداری کو فروغ دینے کے مختلف پہلوؤں پر وزیر اعلیٰ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

DIV COM

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے میوہ اگانے والے کسانوں اور اس صنعت سے وابستہ دیگر افراد سے تاکید کی ہے کہ وہ میوہ جات یوٹی سے باہر کی منڈیوں تک بھیجنے کیلئے ریل سروس کا بھرپور اور مناسب استعمال کریں۔ڈویژنل کمشنر نے آج ایک میٹنگ کے دوران میووٴں کی ڈھلائی کیلئے شروع کی گئی ریلوے سروس کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے سبھی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں اور ہارٹیکلچر پلاننگ اینڈ مارکیٹنگ کے ڈائریکٹر کو ہدایت دی کہ وہ میوہ اگانے والوں اور تاجروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں تاکہ انہیں ریلوے ٹرانسپورٹ کے کفایتی موڈ کے بارے میں لگاتار جانکاری فراہم کی جاسکے۔

NIT

نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی **NIT** سرینگر کو انڈیا ٹوڈے رینکنگس **2026** میں ملک کی چوٹی کی تکنیکی یونیورسٹیوں میں **19** واں مقام حاصل ہوا ہے۔اس حصولیابی پر ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر انوراگ مشرا نے سبھی فیکلٹی ممبران اور دیگر عملے کو مبارکباد دی ہے۔یہ بات قابل ذکر ہے کہ پچھلے برس **NIT** سرینگر کو **22** ویں رینک ملی تھی۔

ناظم زراعت

محکمہ زراعت نے لال منڈی سرینگر میں واقع محکمے کے صدر دفتر پر کچن گارڈن میں ربیع سیزن کیلئے بیجوں کی بوائی کا کام شروع کیا ہے۔یہ کام آج ناظم زراعت کشمیر سرتاج احمد شاہ کی موجودگی میں شروع کیا گیا۔انہوں نے وادی میں کچن گارڈنز کے قیام کے رجحان کے پیش نظر متعلقہ افسروں کو تمام انتظامات اور تیاریاں بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔اس دوران سریکلچر محکمے کے ڈائریکٹر اعجاز احمد بٹ نے آج جموں میں محکمے کی جانب سے عملائی جارہی اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

FDA

جموں وکشمیر فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن **FDA** نے یوٹی میں گھی کے **10** بر ینڈس کی خرید وفروخت، تقسیم کاری اور سٹوریج پر پابندی عائد کردی ہے۔محکمے نے کچھ عرصہ قبل گھی کے ان بر ینڈس کے نمونے اننت ناگ ،شانگس،لارنو، بجبہاڑہ،ترال،پانپور، سانبہ، کٹھوعہ اور جموں سے حاصل کرکے جانچ کیلئے لیبارٹری بھیج دئے تھے۔لیبارٹری جانچ میں ان نمونوں کو غیر معیاری، ناقابل استعمال اور مضر صحت

قرار دیا گیا ہے۔ان میں ڈیری موہن،اپنا ڈیری ملک،ملک بائٹ،نندنی ، شاہی تاج،دعوت
**Fresh**،نند کرشنا،وندُو،ڈیری ملک اور موہن ڈیری کی جانب سے تیار کئے جانے والے گھی کے برینڈس
شامل ہیں۔**FDA**نے عام لوگوں سے کہا ہے کہ وہ ان برینڈس کا استعمال نہ کریں۔

BJP
بی جے پی جموں وکشمیر نے یوٹی میں ایک مہینے تک چلائے جانے والے ''سیوا سنکلپ ابھیان'' کیلئے لائحہ عمل ترتیب دیا ہے۔ پارٹی کے پردیش صدر ست شرما،جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور سابق نائب وزیر اعلیٰ ڈاکٹر نرمل سنگھ نے آج جموں میں پارٹی میٹنگ کے دوران اس سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔یہ ابھیان ستمبر کی **17** تاریخ سے شروع ہوگا۔

NC
نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکرٹری اور راجیہ سبھا ممبر چودھری محمد رمضان نے کہا ہے کہ ان کی جماعت نے ہر دور میں لوگوں کے احساسات کی ترجمانی اور مفادات کی حفاظت کی ہے۔ پارٹی ہیڈکوارٹر پر ورکروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار نے اپنے انتخابی منشور میں جو وعدے کئے ہیں وہ انہیں پورا کرنے کی وعدہ بند ہے۔

حکیم یاسین
پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ کے صدر اور سابق وزیر حکیم محمد یاسین نے حکومت پر اپنے انتخابی منشور اور لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو فراموش کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔انہوں نے سرکار پر زور دیا ہے کہ لوگوں کی امیدوں کو پورا کرنے پر توجہ دی جانی چاہئے۔

شاہین
جنتا دل یونائٹیڈ جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں اکثر سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہہ ہے۔ایک بیان میں انہوں نے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ سڑکوں کی تعمیر وتجدید کا کام اس کیلئے موزون سیزن ختم ہونے سے پہلے مکمل کیا جانا چاہئے۔

عرس

بلند پایہ ولی حضرت میر سید علی ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند حضرت میر سید محمد ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ کا عرس مبارک آج پورے جموں و کشمیر میں نہایت ہی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔عرس کے سلسلے میں سب سے بڑی تقریب سرینگر کے تاریخی خانقاہ معلیٰ میں منعقد ہوئی جہاں نماز ظہر کے بعد حسب روایت ختمات المعظمات، درود واذ کار اور نعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہوئیں۔ان مجالس میں وادی کے مختلف علاقوں سے آئے عقیدتمندوں نے شرکت کرکے فیض حاصل کیا۔اس موقعے پر جموں وکشمیر کی ترقی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

فلم فیسٹول

جموں و کشمیر میں **7** ستمبر سے **10** ستمبر تک منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹول کے کامیاب انعقاد کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جموں وکشمیر کا انعقاد سرینگر، گلمرگ اور جموں میں ہوگا۔اس فیسٹول میں **40** ممالک کی فلمیں دکھائی جائیں گی۔

اکیڈمی

کلچرل اکیڈمی کے اہتمام سے آج سرینگر میں ایک ادبی تقریب منعقد ہوئی جس دوران معروف پنجابی ادیب اجیت سنگھ مستانہ کی پنجابی غزلوں کے مجموعے ''ریجھان دے جھرنے'' کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔تقریب میں اکیڈمی کی سیکرٹری ہرویندر کور اور دیگر کئی شخصیات نے بھی شرکت کی۔

تمدنی پروگرام

جموں سمارٹ سٹی لمیٹڈ کے اہتمام سے جموں کی توی ونڈرلینڈ پارک میں ایک تمدنی پروگرام منعقد ہوا جس میں جموں صوبے کے مختلف علاقوں سے آئے سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ہمارے جموں کے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ تین گھنٹے تک جاری رہنے والے اس تمدنی **Show** کے دوران موسیقی، رقص اور روائتی پروگرام پیش کئے گئے جن سے حاضرین کافی محظوظ ہوئے۔

MSME

جموں صوبے کے سانبہ ضلعے میں بڑی برہمنا انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے کانفرنس ہال میں کل سے دو

روزہ سینٹرل پبلک سیکٹر انٹر پرائز سطح کے وینڈر ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز ہو رہا ہے۔اس پروگرام کا انعقاد MSME کے ترقی و سہولت آفس جموں کے اہتمام سے کیا جا رہا ہے۔پروگرام کے دوران MSMEs کو وینڈر ڈیولپمنٹ، رجسٹریشن اور تجاری روابط کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی جائے گی۔

داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمہ کی ایک اطلاع کے مطابق انڈر گریجویٹ کورسز میں آن لائن داخلے کا دوسرا مرحلہ کل یعنی یکم ستمبر سے شروع ہو رہا ہے۔طالب علم jkadmissions.in پورٹل پر داخل فارم بھر سکتے ہیں۔ اس مرحلے کے تحت مختلف کالجوں میں داخلہ حاصل کرنے کی آخری تاریخ 10 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے جس کے بعد کوئی ایڈمشن نہیں کیا جائے گا۔

نیپال

نیپال میں گذشتہ ہفتے آئے تباہ کن سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے کے واقعات میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 903 ہوگئی ہے، جبکہ چار ہزار 247 سے زیادہ افراد تا حال لاپتہ ہیں۔امدادی کارکن آٹھ متاثرہ اضلاع میں لاپتہ افراد کی تلاش اور پھنسے ہوئے لوگوں کو نکالنے میں مصروف ہیں۔نیپال کے وزیر اعظم بالیندر شاہ نے اس سانحے کو غیر معمولی اور تباہ کن قدرتی آفت قرار دیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کشمیر صوبے میں کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش جبکہ جموں صوبے میں بھاری بارش کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 4 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر 57 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔